© rasailojaraid.com


سید محمد طلحہ گیلانی، کراچی

# عطاء اللہ کے بیٹے

یہ مانا کچھ پریشاں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
مگر سب اہل ایماں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
جنہوں نے دیکھ کر دولت نہیں چھوڑا ہے مسلک کو
بہت ان میں نمایاں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
کوئی ہو رافضی یا ہو کوئی مرزا کی امت سے
کئی روگوں کا درماں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
جہاں پر بھی بخاری کے محبت کرنے والے ہیں
انہیں تصویر جاناں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
صداقت چھوڑ کر جینا نہیں سیکھا کسی نے بھی
کئی سینوں میں پیکاں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
نہ چھیڑو تو یہ شبنم ہیں اگر چھیڑے کوئی انکو
بڑا ہی سخت طوفاں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
نہیں ثانی کوئی انکا سیادت میں شرافت میں
حقیقت میں یہ انساں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے
جو رخصت ہو گیا کاشف خدا رحمت کرے اس پر
محمد اللہ یک جاں ہیں عطاء اللہ کے بیٹے

© rasailojaraid.com